NEW YORK CITY DEPARTMENT OF EDUCATION

# چانسلر کا ضابطہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| زمرہ: | طلبا | نمبر: | A-432 |
| موضوع: | تلاشی اور ضبطی | صفحہ: | 1 کا 1 |
| | | جاری شدہ: | 9/13/05 |

**تبدیلیوں کا خلاصہ**

یہ ضابطہ A-432 مورخہ 5 ستمبر، 2000 کی جگہ پر نافذالعمل ہے- یہ ان معیاروں اورکارروائیوں کا تعین کرتا ہے جس کے تحت انفرادی طور پر یا میٹل ڈٹیکٹر کے ذریعہ طلباء کی تلاشی لی جا سکتی ہے-

تبدیلیاں:

- رابطے سے متعلق معلومات کی تجدید ہوچکی ہے-

NEW YORK CITY DEPARTMENT OF EDUCATION

# چانسلر کا ضابطہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| زمرہ: | طلبا | نمبر: | A-432 |
| موضوع: | تلاشی اور ضبطی | صفحہ: | 1 کا 9 |
| | | جاری شدہ: | 9/13/05 |


**خلاصہ**

یہ ضابط چانسلر کے ضابطے A-432 مورخہ 5 ستمبر، 2000 کی جگہ پر ہے اور اسے تبدیل کرتا ہے- طلباء کو ناروا تلاشیوں اور ضبطیوں سے محفوظ رہنے کا دستوری حق حاصل ہے- ایسی صورت میں کسی طالب علم کی ذاتی طور پر یا اس کے سامان کی تلاشی لی جا سکتی ہے اگر اسکول کے اہلکاروں کو معقول حد تک شبہ ہو کہ اس تلاشی سے اس بات کے ثبوت حاصل ہوں گے کہ طالب علم نے قانون اور/ یا اسکول کے قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کی ہے یا کر رہا ہے- یہ ضروری ہے کہ تلاشی کی وسعت اور حد معقول طور پر تلاشی کے مقصد سے متعلق ہو اور اسے طالبعلم کی عمر، جنس اور خلاف ورزی کی نوعیت کے لحاظ سے حد سے زیادہ مداخلت انگیز نہیں ہونا چاہئے- تلاشی کا کام معقول حد تک پوشیدگی کے ساتھ اور فرد کی عزت و حرمت کا پاس رکھتے ہوئے کیا جانا چاہئے- طلباء، ان کے سامان اور/ یا لاکروں کی تلاشی لیتے وقت درج ذیل مقررہ طریقہ کار پر عمل کیا جائے-


## I. تلاشیاں

طلباء، ان کے سامان اور ان کے لاکروں کی ذاتی طور پر اور میٹل ڈٹیکٹر کے ذریعہ تلاشی کا کام پرنسپل/ نامزد فرد (قائم مقام) کی جانب سے اسکول کے حفاظتی ایجنٹوں (SSA) کے ذریعہ درج ذیل کے مطابق انجام دیا جائے گا:

A. طلباء اور ان کے سامانوں کی تلاشی (جیسے کتاب کے تھیلے، لباس)

1. اگر اس بات کا معقول شبہ ہو کہ کسی طالب علم نے قانون یا اسکول کے قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کی ہے یا کررہا ہے تو، پرنسپل/ نامزد فرد کو ایسا ضرور کرنا چاہئے- اگر اس بات کا تعین ہو جائے کہ تلاشی ضروری ہے تو، پرنسپل/ نامزد فرد SSA کو ہدایت دے سکتا ہے کہ وہ طالب علم کو پرنسپل/ نامزد فرد کے ذریعہ مقرر کی گئی جگہ پر لائیں- ہنگامی صورتحال کے لئے، پیراگراف I.A.7 دیکھیں-

2. طالب علم کے اس مقام پر آجانے کے بعد، پرنسپل/ نامزد فرد کو طالب علم کو بتانا چاہئے کہ ان کے پاس یہ یقین کرنے کے لئے معقول بنیاد ہے کہ طالب علم نے قانون یا اسکول کے قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کی ہے یا کر رہا ہے-

3. ماسواء ایسی صورت حال کے جس کا بیان ذیل کے پیراگراف I.A.7 میں کیا گیا ہے، طالب علم کی تلاشی کے دوران پرنسپل/ نامزد فرد کا وہاں موجود رہنا لازمی ہے-

4. تلاشی لینے سے پہلے، پرنسپل/ نامزد فرد کو طالب علم سے پوچھنا چاہئے کہ آیا طالب علم کے قبضے میں کوئی ایسی چیز ہے جسے اسکول میں لانے کی اجازت نہیں ہے- اگر طالب علم تسلیم کرلیتا/ لیتی ہے کہ اس کے پاس کوئی ممنوعہ چیز ہے تو، پرنسپل/ نامزد فرد طالب علم سے اس چیز کو اپنے پاس یا سامان سے نکالنے کے لئے کہیں گے-

5. اگر طالب علم اس چیز کو نکالنے سے انکار کرتا ہے یا یہ ظاہر کرتا ہے کہ اس کے پاس کوئی ممنوعہ چیز نہیں ہے تو، پرنسپل SSA کوطالب علم کی تلاشی لینے کا حکم دیں گے- اگر تلاشی میں طالب علم کے جسم کو چھونا ہو تو، ممکنہ حد تک، ایسی تلاشی طالب علم کے ہم جنس SSA کے ذریعہ لی جائے گی-

6. اگر تلاشی لینے والے SSA کو کوئی ایسی چیز ملتی ہے جو اس کے خیال میں طالب علم کے ذریعہ قانون یا اسکول کے قواعد ضوابط کی خلاف ورزی کا ثبوت ہوسکتا ہے تو، SSA طالب علم کو اس چیز کو نکالنے کے لئے کہے گا- اگر طالب علم اس چیز کو نکالنے سے انکار کرتا ہے تو، SSA اسے نکالے گا-

7. کسی ہنگامی صورتحال کے دوران جس میں اسکولی برادری یا کسی فرد کے صحت و تحفظ کی سلامتی کے لئے فوری مداخلت کی ضرورت ہو تو، SSA کسی طالب علم کی تلاشی لے سکتا ہے بشرطیکہ SSA کو معقول حد تک شبہ ہو کہ طالب علم نے قانون یا اسکول کے قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کی ہے یا کررہا ہے- ہنگامی صورتحال پر قابو پا لینے کے بعد، SSA فوری طور پر طالب علم کو پرنسپل/ نامزد فرد کے پاس لے جائے گا اور پرنسپل/ نامزد فرد کو صورتحال سے آگاہ کرے گا-

8. کسی بھی حالت میں طالب علم کو بے لباس کرکے تلاشی نہیں لی جائے گی-

B. لاکرز (درازوں) کی تلاش

1. اسکول کے لاکرز طلباء کو سونپے جانے کے باوجود محکمہ تعلیم کی ملکیت ہیں- اس بات کا معقول شبہ ہونے پر کہ لاکرز میں کے ذریعے طالب علم قانون اور/ یا اسکول کے قواعد و

ضوابط کی خلاف ورزی کرنے یا کر رہے ہونے کا ثبوت موجود ہے تو ان کی تلاشی لی جاسکتی ہے۔

2. اگر اس بات کا معقول شبہ ہو کہ طالب علم کے لاکر میں ممنوع چیزیں موجود ہیں تو، پرنسپل/ نامزد فرد کو مطلع کیا جانا ضروری ہے۔ اگر پرنسپل/ نامزد فرد یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ تلاشی ضروری ہے تو، وہ SSA یا کسی موزوں شخص کو لاکر کی تلاشی لینے کی ہدایت دیں گے۔

3. لاکر کی تلاشی کے وقت پرنسپل/ نامزد فرد کا موجود رہنا ضروری ہے، سوائے ان حالات کے جس کا بیان ذیل کے پیراگراف II.B.4 میں کیا گیا ہے۔

4. کسی ہنگامی صورت حال کے دوران جس میں اسکول کمیونٹی یا کسی فرد کے صحت و تحفظ کی سلامتی کے لئے فوری مداخلت کی ضرورت ہوتو، SSA کسی طالب علم کے لاکر کی تلاشی لے سکتا ہے بشرطیکہ SSA کو معقول حد تک شبہ ہو کہ طالب علم نے قانون یا اسکول کے قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کی ہے یا کررہا ہے۔ ہنگامی صورت حال پر قابو پا لینے کے بعد، SSA فوری طور پر پرنسپل/ نامزد فرد کو صورت حال سے آگاہ کرے گا۔

## II. میٹل ڈٹیکٹر کے ذریعہ تلاشی

### A. عمومی جائزہ

1. میٹل ڈٹیکٹر کے ذریعہ اسکین کرنے کا مقصد اسکول میں ہتھیاروں اور/ یا ممنوعہ چیزوں کے داخلے کو روکنا ہے۔ ہمیشہ، ایسی تلاشی کی نوعیت اور درجے کو اس حد سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے جو عملے کی ذمہ داریوں کی انجام دہی کے لئے ضروری ہو۔

2. طلباء کی اسکیننگ کے دوران نگرانی کے لئے پرنسپل/ نامزد فرد کا موجود رہنا ضروری ہے۔ ایسی صورت میں جب ایک سے زیادہ مقام پر اسکین کیا جا رہا ہو تو اسکین کی کارروائی اور بعد کی سرگرمیوں میں موزوں ربط یقینی بنانے کے لئے پرنسپل کی ہدایت کے تحت کسی نامزد فرد کو بھیجا جانا چاہئے۔

3. اسکین کے عمل میں تعاون سے انکار کرنے والے افراد کو مناسب کارروائی کے لئے پرنسپل/ نامزد فرد کے پاس بھیجا جائے گا۔ کسی بھی صورت میں تعاون سے انکار کرنے والے طالب علم کو اسکول میں داخلے سے منع نہیں کیا جائے گا یا گھر واپس نہیں بھیجا جائے گا۔

# چانسلر کا ضابطہ



4. اگرکوئی حاملہ طالبہ یا کوئی ایسا طالب علم میٹل ڈٹیکٹر کے ذریعہ اسکین نہ کروانا چاہے، جس کے لئے اسکین کا یہ عمل طبی طور پر نقصان دہ ہو تو، اسے پرنسپل کے آفس میں بھیجا جانا چاہئے- پھر پرنسپل SSA کو کارروائی کے طریقے کے بارے میں ہدایات دیں گے-

5. ذیل میں بیان کردہ طریقوں میں سے کوئی بھی طریقہ ایسی صورت میں پرنسپل یا اس کے نامزد فرد (قائم مقام) یا SSA کو کسی فرد یا اس کے سازوسامان کی تلاشی لینے سے نہیں روکتا جب اس بات کا معقول حد تک یقین ہو کہ کسی مخصوص فرد کے پاس کوئی ہتھیار یا کوئی ممنوعہ چیز موجود ہے-

B. دستی ڈٹیکٹروں کا استعمال

1. اسکول کی عمارت میں داخل ہونے والے تمام طلباء کی جانچ کی جا سکتی ہے- البتہ، ضرورت ہونے پر، پرنسپل ہر فرد کی جانچ نہ کرنے کا فیصلہ کرسکتے ہیں- ایسے معاملات میں پرنسپل، SSA سپروائزر کے ساتھ مشورہ کرکے، اتفاقی بنیاد پرایسے افراد کی تعداد کا تعین کریں گے-

2. کسی بھی صورت میں اسکول کے اہلکار یا SSAs کسی مخصوص فرد (افراد) کو اسکین کیے جانے کے لئے منتخب نہیں کرسکتے تاوقتیکہ اس بات کا معقول شبہ نہ ہوکہ اس فرد (افراد)کے پاس کوئی ہتھیار یا ممنوعہ چیز موجود ہے-

3. اسکین کے مقررہ تناسب اور توقعات میں کوئی بھی تبدیلی پرنسپل/ نامزد فرد کے ذریعہ ہی کی جائے- داخلے کے رجسٹر میں تبدیلی یا استثناء کی اجازت دینے والے فرد کا نام، تاریخ، وقت اور تبدیلی کی وجہ کے ساتھ درج ہونا چاہئے-

4. ہتھیاروں کے اسکین کا کام ممکنہ حد تک داخلہ چاہنے والے فرد کے ہم جنس SSAs کے ذریعہ ہی کیا جانا چاہئے-

5. ابتدائی اسکین کے دوران SSA کے عملے یا اسکین کے آلے کے ذریعہ اسکین کیے جانے والے فرد کے جسم کو چھونے سے حتی الامکان بچنے کی کوشش کی جائے-

6. اسکین کرنے والا SSA اسکین کیے جانے والے فرد کو خوش آمدید کہے گا، اس عمل کی پوری وضاحت کرے گا، ان کے سوالوں کے جواب اور مناسب ہدایات دے گا-

7. اسکین سے پہلے، SSA لوگوں سے درخواست کرے گا کہ وہ اپنی جیبوں سے دھاتی اشیاء نکال کر ٹرے میں رکھ دیں- یہ ٹرے ایسی جگہ رکھے جائیں گے جہاں سے وہ سب کو نظر آئیں اور کارروائی مکمل ہوجانے کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو چیزیں واپس کر دی جائیں-

8. SSA درج ذیل طریقے سے کارروائی کریں گے:

a. SSA اسکین کیے جانے والے فرد کے دائیں جانب کھڑا ہوگا- اسکین کا عمل داہنے کندھے کی جانب سے شروع ہوگا اور نیچے پیر کے بائیں جانب تک کیا جائے گا-

b. SSA اسکین کیے جانے والے فرد کے پیچھے کی جانب جائے گا اور دائیں جانب پیر سے سر تک اسکین کرے گا-

c. پھر SSA اس فرد کے پشت کی جانب سر سے پیر تک اسکین کرے گا-

d. پھر SSA فرد کے پشت کی جانب سے بائیں طرف جاتے ہوئے، سر کے اوپر سے گذار کر، فرد کا پیر سے سر تک اسکین کرے گا-

e. پھر SSA فرد کے بائیں جانب، بائیں سینے سے پیر تک کا اسکین کرے گا-

f. ہاتھوں یا ایکسرے پیکیج اسکینر کے ذریعہ تمام پارسل (ڈبے) یا تھیلوں کو اسکین کیا جائے گا-

C. میٹل ڈٹیکٹر کے فعال ہونے پر رد عمل

1. اگر ایکسرے پیکیج اسکینر کسی مشتبہ شبیہ (تصویر) کا انکشاف کرتا ہے یا بیگ یا پارسل کی اسکیننگ کے دوران دستی اسکینر فعال ہوجاتا ہے تو، اس کے مالک کو اس سے آگاہ کیا جائے گا- اگرضروری ہوتو، SSA بیگ یا پارسل کو باہر سے ٹٹول کر دیکھ سکتا ہے- جب SSA کو معقول حد تک شبہ ہو کہ بیگ یا پارسل میں ممنوعہ چیز موجود ہے تو، SSA بیگ یا پارسل کو کھول سکتا ہے- یاپھر، SSA بیگ یا پارسل کے مالک سے اسے کھولنے کی درخواست کرے گا- پھر SSA ممنوعہ چیزوں کی جانچ کرے گا- اگر اچھی طرح دیکھنے کے لئے بیگ یا پارسل میں موجود چیز کو نکالنا ضروری ہو تو،SSA اس کے لئے ایک چھڑی کا استعمال کرے گا-

2. اگر کسی فرد کی تلاشی کے دوران دستی میٹل ڈٹیکٹر فعال ہوجائے اور الارم کا منبع نظر نہ آئے (جیسے زیورات) تو، اسکین کرنے والا SSA اس فرد کو اپنے پاس سے دھاتی اشیاء

نکالنے کے لئے کہے گا اور دوبارہ اسکین کرے گا- اگر ڈٹیکٹر دوبارہ فعال ہوجاتا ہے تو، پرنسپل/ نامزد فرد SSA کو اس شخص کوالگ جگہ میں لے جانے اور ذیل کے مطابق اس کی تلاشی لینے کی ہدایت دیں گے -

D. تلاشی کے طریقے

1. تلاشی کا کام پرنسپل/نامزد فرد کی موجودگی اور نگرانی میں ہی کیا جانا چاہئے-

2. تلاشی شروع کرنے سے پہلے پرنسپل/ نامزد فرد ایک بار پھر اس فرد سے کسی باقی رہ جانے والی دھاتی چیز کو اپنے پاس سے نکالنے کے لئے کہے گا- اگر وہ فرد اس چیز کو نکالنے سے انکار کر دیتا ہے تو، ذیل کے مطابق اس فرد کی تلاشی لی جائے گی-

3. جسم کے صرف اس حصے کی تلاشی لی جائے گی جہاں میٹل ڈٹیکٹر فعال ہوا ہو- تلاشی کی شروعات اس فرد کے باہری لباس کے جیبوں، بیلٹوں، کندھوں، اور دیگر مخصوص حصوں کو تھپتھپا کر، صرف اس چیز کی تلاش کے مقصد سے کی جائے گی جس کے وجہ میٹل ڈٹیکٹر فعال ہوا ہو-

4. اگر تلاشی لینے والے SSA کو کوئی ایسی چیز محسوس ہوتی ہے جس سے میٹل ڈٹیکٹر آلے کے فعال ہونے کا امکان ہو، اور SSA کو معقول حد تک یقین ہو کہ وہ ممنوعہ چیز ہوسکتی ہے تو، SSA اس فرد سے اس چیز کو نکالنے کے لئے کہے گا- اگر وہ فرد اس چیز کو نکالنے سے انکار کرتا ہے تو، SSA اس چیز کو نکال لے گا-

5. اگر وہ چیز جس سے میٹل ڈٹیکٹر کے فعال ہونے کا امکان ہو، اس فرد کے ذریعہ اپنی مرضی سے دے دیا یا نکال دیا جاتا ہے، اور یہ تعین ہوجاتا ہے کہ درحقیقت اسی چیز کی وجہ سے الارم فعال ہوا ہے تو، SSA کے لئے ضروری ہے کہ وہ تلاشی کا کام روک دے-

E. گزرگاہ پر لگے میٹل ڈٹیکٹر کا استعمال

ڈٹیکٹر سے ہوکر گذرنے والی جانچ کے لئے درج ذیل طریقہ کار اختیار کیا جائے گا:

1. مرحلہ I : ڈٹیکٹر سے ہوکر گذرنے کی ابتدائی جانچ

2. SSA لوگوں کو اپنی جیبوں سے دھاتی اشیاء نکالنے اور ان چیزوں کو اپنے اسکول بیگ یا کسی مقررہ جگہ جیسے ٹرے میں رکھنے کے لئے کہیں گے-

a. بیگ یا پارسلوں کی جانچ "ایر پورٹ کے طرز والے" ایکسرے مشین کے ذریعہ کی جائے گی- بیگ یا پارسل کے ایکسرے مشین سے گذر جانے کے بعد، وہ فرد ڈٹیکٹر سے ہو کر گذرے گا-

b. ہر فرد کے گذرتے وقت SSAs گزرگاہ پر لگے ڈٹیکٹر کے دھات کی اشاریے کی سطح کو دیکھیں گے-

c. دھات کی سطح کا اشاریہ ڈٹیکٹر سے گذرنے والے فرد کے پاس مخصوص مقام اور وقت پر موجود دھات کی مقدار کو دکھاتا ہے-

d. دھات کی سطح کے اشاریے کی ترتیب درج ذیل ہے:

سبز روشنی - دھات کی ہلکی مقدار

زرد روشنی - دھات کی اوسط مقدار

سرخ روشنی - دھات کی- زیادہ مقدار

e. اگر کسی فرد کے پاس مناسب مقدار سے زیادہ دھات ہوگی تو الارم کا سرخ اشاریہ اور/ یا صوتی الارم فعال ہو جائے گا- الارم کے فعال ہونے کی صورت میں، گذرنے والے فرد کو مزید اسکین/ تلاشیوں سے گذرنا ہوگا اور اسے ثانوی میٹل ڈٹیکٹر سیکشن میں لے جایا جائے گا (مرحلہ II)

3. **مرحلہ II**: ڈٹیکٹر سے ہوکر گذرنے کی ثانوی جانچ

کسی فرد کو ثانوی ڈٹیکٹر والے مقام سے گذرنے کی ہدایت دینے سے پہلے SSA اس فرد سے اپنے پاس موجود کسی اضافی کھلی ہوئی دھات کی چیز (چیزوں) کو دوبارہ تلاش کرنے کی درخواست کرے گا اور ایکسرے مشین موجود نہ ہونے کی صورت میں اس/ ان سامان (سامانوں) کو ٹرے میں رکھنے کے لئے کہے گا-

a. SSA یہ یقینی بنانے کے لئے ہاتھ سے ان دھاتی اشیاء کی جانچ کرے گا کہ وہ کوئی ممنوعہ چیز نہیں ہے-

b. جب "ایر پورٹ کے طرز والا" ایکسرے مشین دستیاب ہوگا تو، SSA تمام افراد کو کسی بھی اضافی دھاتی چیز کو اپنے اسکول بیگ یا کسی مقررہ مقام جیسے ٹرے

میں رکھنے کے لئے کہے گا- پھر SSA ایکسرے مشین کے ذریعہ اسکول بیگ میں موجود چیزوں کا معائنہ کرے گا-

c. اگر کوئی فرد الارم کے سرخ اشاریے اور/ یا صوتی الارم کو بند دیتا ہے تو، اس کا اسکین مذکورہ بالا II.B کے مطابق دستی ڈٹیکٹر کے ذریعہ کیا جائے گا-

**F.** ممنوعہ چیزوں کا دریافت ہونا (ہتھیار، منشیات ، وغیرہ)

1. ایسی صورت میں جب کسی طالب علم کے پاس غیر قانونی ممنوعہ چیز پائی جاتی ہے تو، پولیس کو اطلاع دینے اور طالب علم کی گرفتاری کے لئے موزوں طریقہ کار پر عمل کیا جانا ضروری ہے- ( چانسلر کا ضابطہ A-412 دیکھیں)-

2. جب پولیس کسی طالبعلم کو غیر قانونی ممنوعہ چیز رکھنے پر گرفتار کرتی ہے یا اسکول کی املاک میں سے غیر قانونی ممنوعہ چیز ملتی ہے تو، پولیس اسے حراست میں لے گی اور ضبط کی گئی چیز کی رسید دے گی-

3. اسکول کے اہلکار NYPD کے رسید کی ایک نقل حاصل کریں گے (املاک سے متعلق کلرک سے چالان)-

4. اگر پولیس اسکول کی املاک میں پائی جانے والی ممنوعہ چیز کو اپنی تحویل میں نہیں لیتی ہے تو، درج ذیل ضابطوں کا اطلاق ہوگا:

a. پرنسپل/ نامزد فرد محکمۂ تعلیم (DOE) واؤچر فارم اور لفافے کا استعمال کرکے اس کی رسید تیار کریں گے- فارم پر تمام درکار معلومات فراہم کرنا ضروری ہے-

b. پرنسپل/ نامزد فرد کے لئے ضروری ہے کہ وہ فوری طور پر اس کی اطلاع DOE کے طلباء کے تحفظ اور سلامتی کی خدمات [Student Safety and Prevention Services] (DSS&PS)، کو دے جو اس ممنوعہ چیز کو NYPD کے شعبہ برائے تحفظ اسکول (اسکول سیفٹی ڈویژن) کے ذریعہ اٹھوانے کا بندوبست کرے گا- ہتھیاروں کو لازمی طور پر اس وقت محفوظ رکھا جائے جب تک کہ اسے لے جانے کے لئے NYPD کے شعبہ برائے تحفظ اسکول (اسکول سیفٹی ڈویژن) کو نہ سونپ دیا جائے-

c. ممنوعہ چیز کو لے جانے کے لئے NYPD کے پہنچنے پر، پرنسپل/ نامزد فرد کو اس ممنوعہ چیز اور رسید کو ایک مہربند اور رسید لگے لفافے میں ڈال کر دینا چاہئے-

# چانسلر کا ضابطہ



d. اگر اسکول کو سپرنٹنڈنٹ کے ذریعہ معطلی کی سماعت کے دوران ممنوعہ چیز کو بطور ثبوت پیش کرنا ہو تو، پرنسپل/ نامزد فرد کوDSS&PS سے رابطہ کرنا چاہئے، جو اس کے لئے ضروری انتظامات کرے گا-

**III. سامان کی واپسی**

کسی فرد سے لیے گئے ایسے سامان کو، جو چانسلر کے ضابطے کے تحت ممنوع یا کسی مجرمانہ عمل کا ثبوت نہیں ہیں، تلاشی مکمل ہوجانے کے بعد اس فرد کو لوٹا دیا جانا ضروری ہے-

**IV. استفسار (پوچھ گچھ)**

اس ضابطے سے متعلق کسی بھی قسم کی پوچھ تاچھ کے لئے اسکول کے مداخلتی اور نشونما کے دفتر سے رابطہ کریں:

| ٹیلیفون | | فیکس |
|---|---|---|
| 212-374-5090 | *Office of School Intervention and Development*<br>NYC Department of Education<br>52 Chambers Street<br>New York, NY 10007 | 212-374-5598 |